سوال

(40) کیا مرد اور عورت کے غسل جنابت اور عورت کے غسل حیض میں فرق ہے؟

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

کیا مرد اور عورت کے غسل جنابت میں فرق ہے؟ کیا عورت کے لیے اپنے بالوں کو کھولنا ضروری ہے یا حدیث کی رو سے تین لپ ڈالنا کافی ہے؟ نیز غسل جنابت اور غسل حیض میں کیا فرق ہے؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

مرد اور عورت کے لیے غسل جنابت کے طریقے میں کوئی فرق نہیں ہے۔ غسل کرتے وقت ان دونوں کے لیے اپنے بالوں کو کھولنے کی ضرورت نہیں بلکہ اتنا ہی کافی ہے کہ وہ اپنے سر پر تین چلو پانی ڈالیں اور پھر سارے جسم پر پانی بہالیں۔

دلیل اس کی وہ حدیث ہے جس میں یہ بیان ہے کہ ام سلمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے عرض کی: میں اپنے سر کی مینڈھیاں مضبوط بناتی ہوں تو کیا میں جنابت کے غسل کے لیے ان کو کھولا کروں؟ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:

"لا، إِنَّمَا يَكْفِيكِ أَنْ تَحْثِي عَلَى رَأْسِكِ ثَلَاثَ حَثَيَاتٍ، ثُمَّ تُفِيضِينَ عَلَيْكِ الْمَاءَ فَتَطْهُرِينَ."[1]

"مینڈھیاں کھولنے کی ضرورت نہیں، بس اتنا ہی کافی ہے کہ تو اپنے سر پر تین چلو پانی ڈالے اور پھر باقی جسم پر پانی بہالے تو اس طرح تو پاک ہو جائے گی۔"

اس حدیث کو امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ نے روایت کیا ہے۔ البتہ اگر مرد یا عورت کے سر پر تیل یا مہندی اس طرح لگے ہوں کہ یہ پانی کو سر کے چمڑے تک پہنچنے سے روک دیں تو ان کا ازالہ کرنا ضروری ہے اور اگر یہ اتنے ہلکے ہوں کہ پانی کو چمڑے تک پہنچنے سے نہ روکیں تو ان کو اتارنے کی چنداں ضرورت نہیں۔

جہاں تک عورت کے غسل حیض کا تعلق ہے تو اس میں عورت کے لیے اپنے بالوں کو کھولنے میں اختلاف ہے لیکن صحیح بات یہی ہے کہ غسل حیض میں بھی بالوں کو کھولنے کی ضرورت نہیں کیونکہ صحیح مسلم میں ام سلمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کی حدیث بعض سندوں میں اس طرح مروی ہے کہ انھوں نے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے دریافت کیا تھا کہ میں ایک ایسی عورت ہوں جو اپنے سر کی مینڈھیاں مضبوطی سے باندھتی ہوں تو کیا میں غسل حیض اور غسل جنابت کے لیے ان کو کھولا کروں؟ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:

"نہیں تو! تمھیں بس اتنا ہی کافی ہے کہ تو اپنے سر پر تین چلو پانی ڈال، پھر اپنے جسم پر پانی بہالے تو تو پاک ہو جائے گی۔"

تو یہ حدیث دلیل ہے کہ حیض اور جنابت کے غسل میں بالوں کو کھولنا واجب نہیں لیکن عورت کے لیے مناسب یہ ہے کہ وہ غسل حیض میں احتیاطاً اپنے بالوں کو کھول لے تاکہ اختلاف سے بچا جائے اور مختلف دلائل میں تطبیق اور موافقت پیدا ہو جائے۔ (سعودی فتویٰ کمیٹی)

---

[1]۔ صحیح مسلم رقم الحدیث(330)

هذا ما عندي واللہ اعلم بالصواب

عورتوں کے لیے صرف

صفحہ نمبر 86

محدث فتویٰ